Istituto Comprensivo di Luzzara

Scuola dell'Infanzia, Primaria e Secondaria di Primo grado Viale Filippini, 42 – 42045 Luzzara (RE) – tel. 0522 22 31 37
www.icluzzara.edu.it – Email: reic83200d@istruzione.it pec: reic83200d@pec.istruzione.it – CF 81002390359

سیکنڈری سکول درجہ اول کے طلبہ کے والدین کی طرف
سیکنڈری سکول درجہ اول کے اساتذہ اور معاونین کی طرف
ویب سائٹ کی طرف

موضوع: کلاس کی کونسل کی تجدید اور والدین کی میٹنگز کیلئے دعوت. تعلیمی سال 2021/2022 کیلئے

سکول پرنسپل

ان قواعد کو دیکھتے ہوئے le OO.MM n. 215 del 15.07.1991, n. 267 del 04.08.1995, n. 293 del 24.06.1996 e n.277 del 17.06.1998;

دیکھتے ہوئے la nota del MIUR Prot.n. 24032 del 06/10/2021

طے کرتی ہیں

کہ انسٹی ٹیوٹ کے سیکنڈری سکول درجہ اول کی کلاس کی کونسل کی تجدید کیلئے انتخابات اس تاریخ کو ہوں گے:

جمعرات 28 اکتوبر 2021

ان اوقات میں: 16،30 سے 17،30 بجے تک میٹنگ (آن لائن جی میٹ کے ذریعہ)
18،00 سے 20،00 بجے تک ووٹنگ (موجودگی میں)

ووٹنگ کے عمل سے پہلے آن لائن میٹنگ ہو گی جس کی صدارت کلاس کے کوارڈی نیٹر کریں گے، اس میں ٹیچرز تعلیمی پروگرام پیش کریں گی۔ میٹنگ میں شامل ہونے کیلئے لنک آپ کے بچے کے کلاس روم کے کیلنڈر میں ہوگا۔ اس کے بعد انتخابات کا طریقہ کار (خفیہ بیلٹ پیپر کے ذریعہ)، پولنگ اسٹیشن کی تشکیل اور کارکردگی کے بارے میں سمجھایا جائے گا۔ میٹنگ کے اختتام پر ووٹنگ کے عمل، ووٹوں کی گنتی اور کلاس کے نمائندے کے اعلان کیلئے،کلاس میں موجود رہ کرتین والدین پر مشتمل ایک پولنگ بورڈ تشکیل دیا جائے گا جن میں سے ایک رکن بورڈ کے صدر کی ذمہ داریاں نبھائے گا۔ پولنگ بورڈ آن لائن میٹنگ ختم ہونے کے بعد موجودگی میں تشکیل پائے گا اور دو گھنٹے تک کھلا رہے گا، اس کے بعد گنتی شروع ہو گی۔ طالب علموں کے دونوں والدین کو ووٹ ڈالنے اور ووٹ لینے کا حق حاصل ہے۔ ہروالد یا والدہ کو سکول کی طرف سے دیئے گئے اور بورڈ کے ایک رکن کی طرف سے تصدیق کردہ بیلٹ پیپر پراپنی پسند کے صرف دوامیدواروں کا نام لکھنا ہو گا۔ بالفرض اگر دو یا دو سے زیادہ والدین ایک جتنے ووٹ لیتے ہیں توجیتنے والے کا اعلان قرعہ اندازی کے ذریعہ ہو گا۔

سکول پرنسپل

ڈاکٹر انیتا مونتی

اس عمل کی ذمہ دار: اے۔اے سیمونا کیوا

Email: ufficioalunni@icluzzara.edu.it